اس ترجمہ اور حواشی سے فائدہ اٹھا کر فاضل مترجم کی محنت ومشقت اور ان کے جذبۂ شوق کی داد دیں گے۔

تفہیم المسلم | جزو اوّل، مرتبہ: ہلال صاحب عثمانی۔ تقطیع کلاں ضخامت ۱۱۸ صفحات۔ کتابت وطباعت بہتر۔ قیمت ۳/۵۰۔

پتہ:- دار المعارف، دیوبند ضلع سہارن پور۔

کتبِ حدیث میں مسلم کا جو مرتبہ ہے محتاجِ بیان نہیں۔ بخاری اور مسلم دونوں کو ملا کر ہی صحیحین بولتے ہیں۔ اس اہمیت کے باعث ہر دور میں علماء نے اس کتاب کی کبھی شرح لکھ کر، کبھی اس کا اختصار کر کے اور کبھی اس پر تخریج کر کے، مختلف صورتوں میں اس کی خدمت کی ہے۔ اردو میں بھی اس کا ترجمہ شائع ہو چکا ہے۔ لیکن زیرِ تبصرہ کتاب اردو میں اپنی نوعیت کی پہلی کتاب ہے۔ نوجوان لائق مرتب مولوی فضل الرحمن ہلال جو دیوبند کے عثمانی خانوادۂ علم وفضل کے چشم وچراغ ہیں اور اس بنا پر ذوقِ مطالعہ وتالیف ان کا خاندانی ورثہ ہے۔ انھوں نے صحیح مسلم کی شرح اس انداز میں لکھنے کا منصوبہ بنایا ہے کہ کتاب کے درس یا اس کی شرح کی تالیف کے سلسلہ میں متعدد اکابر علماء واساتذہ دیوبند نے جو کچھ فرمایا یا لکھا ہے اس سب کو اپنی سلیس اور شگفتہ زبان میں یکجا کر دیا ہے اور اس طرح یہ کتاب ایک نہیں متعدد شروح کا مجموعہ اور اس بنا پر اس کی افادیت بھی دو چند بلکہ سہ چند ہو گئی ہے۔

زیرِ تبصرہ کتاب اس سلسلہ کی پہلی کڑی ہے جو امام مسلمؒ کے حالات، مختصراً اصولِ حدیث، کتبِ حدیث میں صحیح مسلم کا مقام اور پھر صحیح مسلم کے مقدمہ اور کتاب الایمان پر مشتمل ہے۔ اگر یہ سلسلہ مکمل ہو گیا تو اس میں شبہ نہیں کہ اردو میں حدیث کی بڑی اہم خدمت ہو گی جس سے عام اردو داں حضرات کے علاوہ مدارس عربیہ کے اساتذہ اور طلباء بھی